AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت
روزنامہ مسافت لاہور
DAILY MASAFAT LAHORE
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 | منگل 8 رمضان المبارک 1445ھ 19 مارچ 2024ء 6 چیت 2079ب | شمارہ نمبر 275

فورسز کا شمالی وزیرستان میں آپریشن انتہائی مطلوب کمانڈر سمیت 8 دہشتگرد ہلاک

ہلاک دہشت گردوں میں ہائی ویلیو ٹارگٹ دہشت گرد کمانڈر صحرا عرف جانان بھی شامل‘16 مارچ کو میر علی میں سکیورٹی فورسز کی پوسٹ پر ہوئے حملے میں ملوث تھا، رپورٹ

ہلاک دہشت گرد کمانڈر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو انتہائی مطلوب تھا‘علاقے میں ممکنہ دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے‘ آئی ایس پی آر

میر علی (این این آئی) شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر سکیورٹی فورسز کے آپریشن کے نتیجے میں دہشتگردوں کے کمانڈر سمیت آٹھ دہشتگرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 8 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا ہے کہ مذکورہ آپریشن 17 اور 18 مارچ کی درمیانی شب کیا گیا۔ آپریشن کے دوران ہلاک دہشت گردوں میں ہائی ویلیو ٹارگٹ دہشت گرد کمانڈر صحرا عرف جانان بھی شامل ہے۔ دہشت گرد صحرا عرف جانان 16 مارچ کو میر علی میں سکیورٹی فورسز کی پوسٹ پر ہوئے حملے میں ملوث تھا۔ ہلاک دہشت گرد کمانڈر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو انتہائی مطلوب تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں ممکنہ دہشت گردوں (بقیہ نمبر 1)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب اسمبلی میں پیش کئے جانیوالے بجٹ کی دستاویزات پر دستخط کر رہی ہیں

عمران خان کے تحفظ کیلئے انصاف لائرز فورم کا سندھ ہائیکورٹ سے رجوع

ملاقاتوں پر پابندی سے متعلق ہی عمران خان کو شدید تحفظات لاحق ہیں، درخواست گزار

کراچی (این این آئی) انصاف لائرز فورم نے بانی تحریک انصاف عمران خان کو اڈیالہ جیل میں تحفظ فراہم کرنے کے لیے سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا۔ انصاف لائرز فورم کی جانب سے سندھ ہائی کورٹ میں دائر درخواست میں وفاقی حکومت، سیکرٹری داخلہ اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ عمران خان کی جان کو جیل میں شدید خطرات ہیں، پولیس نے جیل (بقیہ نمبر 2)

پنجاب اسمبلی 4480 ارب کا ضمنی بجٹ پیش

کل آمدن کا تخمینہ 3331 ارب 70 کروڑ روپے لگایا گیا‘ این ایف سی ایوارڈ کے تحت پنجاب کو قابل تقسیم محاصل سے 2706 ارب 40 کروڑ روپے حاصل ہوں گے، زراعت اور اشیا خورونوش کی طلب اور رسد میں بہتری لا رہے ہیں

عوام سے کیے وعدوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، پنجاب میں آئی ٹی کے فروغ کے لیے 10 ارب روپے کی لاگت سے آئی ٹی سٹی قائم کی جا رہی ہے، ایئر ایمبولینس کا بھی جلد آغاز کیا جائے گا‘ وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع کا بجٹ اجلاس سے خطاب

لاہور (این این آئی) پنجاب کابینہ نے بجٹ کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت پنجاب کابینہ کا دوسرا اجلاس ہوا جس میں صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری، آئی جی پنجاب اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 62)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے دوسرے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

وزیر خارجہ سے چینی سفیر کی ملاقات، سی پیک فیز ٹو کو اعلیٰ معیار کی ترقی پر اتفاق

پاک چین ہمہ موسمی سٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ دونوں ممالک کی ترقی اور خوشحالی اور علاقائی امن واستحکام کے لیے ناگزیر ہے‘ اسحاق ڈار

جیانگ زیڈونگ کا پاکستان کو دی جانے والی خصوصی اہمیت اور سماجی واقتصادی ترقی، صنعتی اور زرعی تعاون کے لیے بھرپور حمایت پر زور

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ نے چیرکو بیماں ملاقات کی جس میں سی پیک کے نیفز ٹو کی اعلیٰ معیاری ترقی پر اتفاق کیا ہے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران وزیر خارجہ نے کہا کہ پاک چین ہمہ موسمی سٹریٹجک (بقیہ نمبر 3)

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے آن لائن لینڈ ریکارڈ سروس کا آغاز اگلے ماہ سے ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے اپنے بیرون ملک مشنز کے ذریعے اوورسیز پاکستانیوں (بقیہ نمبر 5)

ہائیکورٹ، پی آئی اے کی ممکنہ نجکاری، وفاقی حکومت سے وضاحت طلب

وفاقی حکومت، سول ایوی ایشن، پی آئی اے، وزارت نجکاری کمیشن اور دیگر کو نوٹس جاری

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے پی آئی اے کی ممکنہ نجکاری کیخلاف درخواست کی سماعت پر پی آئی اے کی ممکنہ نجکاری سے متعلق وفاقی حکومت سے وضاحت طلب کرتے ہوئے وفاقی حکومت، سول ایوی ایشن، پی آئی اے، وزارت نجکاری کمیشن اور دیگر (بقیہ نمبر 4)

حکومتی اداروں کے ادھار کے باعث پی ایس او کو مشکلات کا سامنا

پی ایس او کو ایل این جی کی خریداری کیلئے ایل سیز کی ادائیگی میں مشکلات کا سامنا

کراچی (این این آئی) حکومتی اداروں کے ادھار کے باعث پاکستان اسٹیٹ آئل (پی ایس او) کو مشکلات کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومتی ادارے پی ایس او کے 820 ارب روپے سے بھی زائد کے مقروض ہیں، جس کے باعث پی ایس او کیلئے ایل این جی خریداری کیلئے (بقیہ نمبر 9)

امیر بالاچ قتل کیس، احسن شاہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

لاہور (این این آئی) مقامی عدالت نے امیر بالاچ کے قتل کے الزام میں گرفتار اس کے قریبی ساتھی احسن شاہ کو 23 مارچ تک (بقیہ نمبر 8)

مانیٹری پالیسی کا اعلان، سٹیٹ بینک کا شرح سود 22 فی صد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ

صنعتی شعبے میں جولائی تا جنوری 0.5 فیصد کی معمولی کمی ہوئی، جنوری 2024ء میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 269 ملین ڈالر رہا، مجموعی خسارہ 1.1 ارب ڈالر رہا

مہنگائی مالی سال 24ء کی دوسری ششماہی میں واضح طور پر کم ہونا شروع ہوگئی، ستمبر 2025ء تک مہنگائی کو 7.5 فیصد تک لانے کے لیے موجودہ شرح سود ضروری ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے مانیٹری پالیسی کا اعلان کردیا، جس کے مطابق شرح سود کو 22 فی صد پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جون 2023 سے شرح سود مسلسل 22 فی صد پر موجود ہے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق مہنگائی مالی سال 24ء کی دوسری ششماہی میں واضح طور پر کم ہونا شروع ہوگئی، مہنگائی کی شرح میں کمی کے باوجود اس کی سطح بلند ہے، ستمبر 2025ء تک مہنگائی کو 7.5 فیصد تک لانے کے لیے موجودہ شرح سود ضروری ہے۔ صنعتی شعبے میں جولائی تا جنوری 0.5 فیصد کی معمولی کمی ہوئی، جنوری 2024ء میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 269 ملین ڈالر رہا، جولائی تا جنوری مالی سال 24ء کے دوران مجموعی خسارہ 1.1 ارب ڈالر رہا۔ سٹیٹ بینک کے مطابق کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں سالانہ بنیادوں پر تقریباً 71 فیصد کمی ہوئی، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں بہتری کی (بقیہ نمبر 7)

مکہ مکرمہ صدر مسلم فورمز سردار شفیق احمد خان خاور میں شرکا میں شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، عبدالرؤف بن سلمان کی زیر سرپرستی رابطہ عالمی اسلامی کی کانفرنس میں شریک ہیں

سیٹ کا رہنے والوں کا سینیٹ الیکشن امیدوار بننا غیر آئینی ہے، پی ٹی آئی

نگران اپ کے حصہ انوار الحق کاکڑ، محسن نقوی کو سینیٹ میں پہنچایا جا رہا ہے، ان دونوں کو آگے لانے والی جماعتوں کیلئے واضح طور پر آئین کی کوئی اہمیت نہیں، علی محمد خان، شیریں مزاری

علی ظفر 2018 میں نگران وزیر قانون کے طور پر خدمات انجام دینے کے فوراً بعد سینیٹ کے لیے منتخب ہوئے تھے، وزیر اطلاعات نے اعتراضات مسترد کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 12 اپریل کو ہونے والے سینیٹ انتخابات میں نگران سیٹ اپ کا حصہ رہنے والے ارکین کی شمولیت پر اعتراضات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئین اس کی اجازت نہیں دیتا۔ تفصیلات کے مطابق سینیٹ انتخابات میں حصہ لینے کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کرانے والوں میں سابق نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ، سابق نگران وزیراعلیٰ پنجاب وموجودہ وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیراعظم کے سابق مشیر احد چیمہ شامل ہیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں پی ٹی آئی کے حامیوں کی رائے میں علی محمد خان نے دعویٰ کیا کہ نگران وزیراعلیٰ پنجاب وموجودہ وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیراعظم کے سابق مشیر احد چیمہ شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سینیٹ انتخابات میں حصہ لینے کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کرانے والوں میں سابق نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ، سابق نگران وزیراعلیٰ پنجاب وموجودہ وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیراعظم کے سابق مشیر احد چیمہ شامل ہیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں پی ٹی آئی کے حامیوں کی رائے میں علی محمد خان نے دعویٰ کیا کہ نگران وزیراعلیٰ پنجاب وموجودہ وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیراعظم کے سابق مشیر احد چیمہ شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ یا وزیراعظم ایسے انتخابات نہیں لڑ سکتا جس کی وہ خود نگرانی کر رہا ہو، علی محمد خان نے اپنے اس دعوے کی حمایت میں آئین کے آرٹیکل 224 (دون بی) کا حوالہ دیا۔ آرٹیکل 224 (دون بی) (بقیہ نمبر 6)

لاہور، سپیکر ملک احمد خان، پنجاب اسمبلی کے اجلاس کی صدارت کیلئے آرہے ہیں

عرب امارات کے 87 ممالک کے شہریوں کو ویزہ آن ارائیول کی اجازت

ابوظہبی (این این آئی) امارات کی وزارت خارجہ نے ویزا پالیسی کے سلسلے میں اپنی (بقیہ نمبر 11)

شوکت یوسفزئی کو 15 کروڑ ہرجانہ اسفندیار ولی کو ادا کرنے کا حکم

پشاور (این این آئی) پشاور کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے 15 کروڑ روپے (بقیہ نمبر 12)

ہندو کمیونٹی کو مذہبی تہواروں پر سرکاری چھٹی، ایڈوانس تنخواہ دینے کا مطالبہ

ہندو برادری کو 25 مارچ کو ہولی کے تہوار پر چھٹی، ایڈوانس سیلری دی جائے‘ پاکستان ہندو کونسل

لاہور (این این آئی) پاکستان ہندو کونسل کے چیئرمین ورکن قومی اسمبلی ڈاکٹر رمیش کمار وکھوانی نے وزیراعظم سے ہندو کمیونٹی کو ان کے مذہبی تہواروں پر سرکاری چھٹی اور ایڈوانس تنخواہ دینے کا مطالبہ کر دیا۔ ڈاکٹر رمیش کمار وکھوانی نے کہا کہ ہندو برادری کو 25 مارچ کو ہولی کے تہوار پر سرکاری (بقیہ نمبر 10)

بغیر لائسنس، ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کیخلاف دوبارہ کریک ڈاؤن کا حکم

خلاف ورزی پر وائیلیٹر کا لائسنس بھی چیک جائے، نہ ہونے پر ڈبل جرمانہ کیا جائے‘ سی ٹی او عمارہ اطہر

لاہور (این این آئی) بغیر لائسنس اور ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف دوبارہ کریک ڈاؤن کا حکم دیدیا گیا۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے ہدایت کی ہے کہ مال روڈ، کینال روڈ، جیل روڈ (بقیہ نمبر 13)

انٹیلی جنس ونگ کی کارروائی، جعلی چیئرمین نیب ساتھی سمیت گرفتار

اویس ظہور، عامر مظہر کو شہریوں سے بلیک میلنگ بھاری رقوم وصول کرنے کے الزامات پر گرفتار کیا گیا

لاہور (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) لاہور کے انٹیلی جنس ونگ نے لاہور میں اہم کارروائی کرتے ہوئے جعلی چیئرمین نیب ساتھی سمیت گرفتار کر لیا۔ ملزمان دو بھائیوں اویس ظہور (بقیہ نمبر 14)

لاہور، تحریک انصاف کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل شوکت محمود بسرا میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

بجلی بلوں میں اضافی ٹیکسز کیخلاف وفاقی حکومت ودیگر فریقین کو نوٹس

آدھا ٹیکس دینا ہے، آدھا نہیں، عجیب بات ہے لوگ کہہ دیں ہم پر کوئی بھی ٹیکس نہیں لگتا‘ جسٹس منصور

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے بجلی کے بلوں میں فرد ٹیکس اور ایکسٹرا ٹیکسز کے خلاف درخواستوں پر وفاقی حکومت سمیت تمام فریقین کو نوٹسز جاری کردیئے (بقیہ نمبر 20)

پی ٹی آئی برے حالات سے گزر رہی، چھوڑنے پر پچھتاوا ہے، عمران اسماعیل

عمران خان سے تعلق برقرار ہے اور ان سے احساس کا رشتہ ہے جو ہمیشہ قائم رہے گا، سابق گورنر کا انٹرویو

کراچی (این این آئی) سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف ان دنوں برے وقت اور حالات سے گزر رہی ہے اور مجھے اسے چھوڑنے پر پچھتاوا ہے (بقیہ نمبر 21)

ضمنی انتخابات‘ آصفہ بھٹو زرداری کے کاغذات نامزدگی منظور

نواب شاہ (این این آئی) نواب شاہ کے حلقے این اے 207 کی نشست پر 21 اپریل کو ہونے والے ضمنی انتخابات کیلئے (بقیہ نمبر 24)

چینی کی قیمتوں کا کیس، لارجر بینچ تشکیل دینے کیلئے معاملہ انتظامی کمیٹی کو منتقل

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں چینی کی قیمتوں کے تعین سے متعلق کیس میں سپریم کورٹ نے لارجر بینچ تشکیل دینے کے (بقیہ نمبر 22)

غزہ 13 ہزار بچے جاں بحق، فوری جنگ بندی کی جائے، یورپین کمیشن

بہت سے بچے شدید غذائی قلت کا شکار، روزے کی بھی طاقت نہ تھی، امداد کے لیے لڑکوں کو غزہ منتقل کرنے میں افسر شاہی چیلنجز درپیش تھے، یوسف

غزہ میں قحط کا سامنا ہے اور ہم یہ قبول نہیں کر سکتے ہیں، ضرورت ہے کہ بہت تیزی کے ساتھ جنگ بندی کی طرف بڑھا جائے، صدر کمیشن کی گفتگو

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی بچوں کی ایجنسی یونیسیف نے کہا ہے کہ اسرائیل کی جارحیت میں غزہ میں 13,000 سے زیادہ بچے جاں بحق ہو گئے، بہت سے بچے شدید غذائی قلت کا شکار تھے اور ان میں رونے کی بھی طاقت نہ تھی۔ غیر فوجی خبررساں ادارے کے مطابق یونیسیف کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر کیتھرین رسل نے بتایا کہ ہزاروں مزید بچے زخمی ہوئے ہیں یا ہم یہ بھی نہیں نہیں کر سکتے کہ وہ کہاں ہیں۔ ہو سکتا ہے وہ ملبے کے نیچے (بقیہ نمبر 15)

صرافہ بازار کے 2 دکاندار اپنے ساتھیوں کا کروڑوں کا سونا لیکر فرار

سکھر (این این آئی) دو ملزمان دھوکے سے صرافہ بازار کے دکانداروں کا کروڑوں (بقیہ نمبر 17)

5 پولیس افسران کے تقرر و تبادلے ڈی پی او نارووال رانا طاہر تبدیل

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے 5 پولیس افسران کے (بقیہ نمبر 18)

فیصل واوڈا کے معاملے پر اختلافات کی خبریں غلط ہیں، عبدالرؤف صدیقی

کراچی (این این آئی) حقہ قومی موومنٹ پاکستان کے سینئر رہنما عبدالرؤف (بقیہ نمبر 19)

ریاض میں قرآن پاک کے نایاب نسخوں کی نمائش

نمائش میں قرآن پاک کے 42 نایاب نسخے رکھے گئے ہیں، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی دارالحکومت ریاض میں جاری ایک نمائش میں اسلامی خطاطی کا متنوع اجاگر کرتے ہوئے قرآن پاک کے 42 نایاب نسخے نمائش کے لیے پیش کیے (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد، وفاقی وزیر پاؤسنگ میاں ریاض حسین پیرزادہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کفایت شعاری پالیسی کا اجرا، فائیو سٹار ہوٹل میں قیام پر پابندی

وزیر سیکریٹری کے ایک ہی وقت بیرون ملک دوروں پر پابندی‘ ناگزیر وجوہات کی بنا پر دونوں کو بیک وقت اجازت دی جا سکے گی

ناگزیر صورتحال نہ ہونے پر بیرون ملک سفر کی اجازت کفایت شعاری پر قائم کمیٹی سے لینا لازمی قرار‘ وزارت خارجہ تجارت کو استثنیٰ ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے وفاقی وزراء و سرکاری افسران کے لیے بیرون ملک سفری پالیسی جاری کردی۔ تفصیلات کے مطابق کابینہ ڈویژن نے وفاقی کابینہ کے فیصلوں کی روشنی میں سفری پالیسی کا اجراء کر دیا۔ ناگزیر صورتحال نہ ہونے پر بیرون ملک سفر کی اجازت کفایت شعاری پر قائم کمیٹی سے لینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ سرکاری افسران کے بیرون ملک دوروں کے دوران فائیو اسٹار ہوٹل میں قیام اور معاون اسٹاف کے بیرون ملک (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد صدر مملکت آصف علی زرداری سے سعودی عرب کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

جب تک اتفاق رائے پیدا نہیں ہوتا، ملک نہیں چلا سکتے‘ شاہد خاقان

یہ حکومت نہیں‘ صرف کرسیوں کی بندر بانٹ ہے، سابق وزیراعظم موجودہ حکومت پر برس پڑے

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے عدلیہ، عسکری اور سیاسی قیادت کو بیٹھنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک اتفاق رائے پیدا نہیں ہوتا، ملک (بقیہ نمبر 25)

ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کریں گے، خواجہ سلمان رفیق

نظام صحت کی بہتری کے روڈ میپ پر سو فیصد عملدرآمد کروانے کے اقدامات کئے جائیں گے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت (بقیہ نمبر 26)

شیری رحمن کی غزہ میں جاری اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت

اقوام متحدہ کے مطابق ہزاروں مزید بچے غذائی قلت کا شکار، زخمی اور لاپتہ ہیں، سابق وزیر

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمن نے کہا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے رمضان المبارک میں جنگ بندی کے بجائے خوفناک حملے جاری ہیں، 7 اکتوبر سے اب تک 13000 سے زائد معصوم بچے لقمہ اجل بن چکے ہیں۔ اپنے بیان میں شیری رحمن (بقیہ نمبر 32)

غزہ کی پٹی کے وسطی شہر دیر البلاح میں اسرائیلی فضائی حملے کے بعد لوگ تباہ شدہ املاک کا جائزہ لے رہے ہیں

خاور مانیکا کیخلاف اراضی قبضہ کیس خارج کرانے کی درخواست پر سماعت ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں خاور مانیکا کیخلاف زمین پر قبضہ کیس کی (بقیہ نمبر 30)

1965 جنگ کے ہیرو ایم ایم عالم کی 11 ویں برسی منائی گئی

کراچی (این این آئی) ستمبر 1965 کی جنگ کے ہیرو ایئر کموڈور محمد محمود عالم کی 11 ویں برسی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی۔ (بقیہ نمبر 29)

منی لانڈرنگ کیس، مونس الٰہی کی اہلیہ کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے رہنما تحریک انصاف وسابق وفاقی وزیر مونس الٰہی کی اہلیہ تحریم الٰہی کے ناقابل ضمانت وارنٹ (بقیہ نمبر 28)

ایف آئی اے کو شاندانہ گلزار کیخلاف کارروائی سے روک دیا گیا

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو پی ٹی آئی کی رکن قومی اسمبلی شاندانہ گلزار کے خلاف کارروائی سے روک دیا۔ شاندانہ گلزار کی ایف آئی اے نوٹس کے خلاف درخواست پر جسٹس سید (بقیہ نمبر 27)

جنوبی وزیرستان‘ کمرے کی چھت گر گئی، بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق

چھت گرنے سے زخمی 10 افراد کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا‘ ریسکیو ذرائع

جنوبی وزیرستان (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع جنوبی وزیرستان میں کمرے کی چھت گرنے کے باعث بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق کمرے کی چھت گرنے کا واقعہ خمیسل برمل کے علاقے راغزائی میں پیش آیا۔ چھت گرنے کے باعث (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد، ریڈ کریسنٹ چیئرمین سردار شاہد احمد سے ناروے کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر رمضان پیکج کا افتتاح

یوٹیلیٹی سٹور ریلوے روڈ کمالیہ سابق ایم این اے مسلم لیگ ن چوہدری اسد الرحمٰن سابق امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری شاہد اقبال گجر نے کیا

کمالیہ)نامہ نگار (وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر رمضان پیکج کا افتتاح یوٹیلیٹی سٹور ریلوے روڈ کمالیہ سابق ایم این اے مسلم لیگ ن چوہدری اسد الرحمٰن سابق امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری شاہد اقبال گجر نے کیا۔تقریب سے سابق ایم این اے چوہدری اسد الرحمٰن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے رمضان پیکج میں عوام کی سہولت کے لیے خطیر رقم سے ایک بہت بڑا ریلیف فراہم کیا ہے حالانکہ اس وقت ملک بے پناہ معاشی مشکلات کا شکار ہے لیکن اس کے باوجود انہوں نے عوام کا سوچا ہے اور جس قدر ممکن ہو سکا عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کی ہے پاکستانی عوام امید رکھیں وزیراعظم میاں شہباز شریف ملک کو بحرانوں سے نکالیں گے اور مکمل معیشت بہتری کی طرف گامزن ہوگی ماضی گواہ ہے کہ جب بھی ملک میں مشکل وقت آیا ہے مسلم لیگ نون کی حکومت نے ملک کو بحرانوں سے نکالا ہے اور ملک کو ترقی کے راستے پر گامزن کیا ہے اس موقع پر سینئر رہنما مسلم لیگ ن عبدالکریم انصاری چوہدری حنیف گجر، میاں فاروق ، چوہدری شوکت کہوہ، چوہدری شاہد سلیم ، رمضان چنی، اور ریٹائر منیجر خالد پرویز ودیگر بھی موجود تھے اس کے بعد صارفین کی کثیر تعداد نے اشیا خورد ونوش کی خریداری کی اس میں آٹا، چینی، گھی دالیں وغیرہ پر بڑا ڈسکاونٹ دیا گیا ہے۔ جس پر صارفین نے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا

ماہ صیام کے پہلے ہفتے میں کلاتھ مارکیٹ کمالیہ میں رش نہ ہونے کے برابر

دکاندار فارغ تمام دن بیٹھے رہنے کے بعد خالی ہاتھ گھروں کو لوٹنے لگے

کمالیہ)نامہ نگار)ماہ صیام کے پہلے ہفتے میں کلاتھ مارکیٹ کمالیہ میں رش نہ ہونے کے برابر دکاندار فارغ تمام دن بیٹھے رہنے کے بعد خالی ہاتھ گھروں کو لوٹنے لگے۔تفصیل کے مطابق ماہ صیام کی آمد کے ساتھ ہی کمالیہ کی کلاتھ مارکیٹس میں خریداروں کا بے پناہ رش ہو جاتا ہے کیونکہ پہلے ہفتے میں لوگ کپڑے خریدتے ہیں اور اس کی تیاری کم رمضان کے بعد سے ہی شروع ہو جاتی ہے لیکن اس مرتبہ یہ بات دیکھنے میں آئی ہے کہ کلاتھ مارکیٹ میں خریداروں کا رش نہ ہونے کے برابر ہے دکانداروں کا کہنا ہے کہ اس مرتبہ لوگوں کی قوت خرید جواب دے چکی ہے مہنگائی اس قدر بڑھ چکی ہے کہ لوگ آتے ہیں ریٹ پوچھتے ہیں اور ریٹ پوچھنے کے بعد بغیر خریداری کیے بغیر خالی ہاتھ گھروں کو لوٹ جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمارے بیزنس کے دن ہوتے ہیں لیکن اس مرتبہ خریدار بالکل بھی نہ ہونے کے برابر ہیا نہوں نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ حکومت مہنگائی کو کنٹرول کریں تا کہ عام آدمی سکھی زندگی بسر کر سکے۔

رمضان المبارک کا پہلا عشرہ ہے رحمت باری عام ہے

،امیر عبدالقدیر اعوان

(ڈسکہ) محمد بلال ص) امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلۂ نقشبندیہ اویسیہ دربار ہٰذا تنظیم الاخوان پاکستان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کا پہلا عشرہ ہے رحمت باری عام ہے کون ہے جو رحمت کا متلاشی نہ ہو گا کوئی بھی اس کی رحمت کے بغیر نہیں رہ سکتا ہر ایک کو اس کی رحمت کی ضرورت ہے تو یہ رمضان المبارک کا وہ عشرہ ہے جس میں رحمت باری لٹائی جارہی ہے آج ان بابرکت لمحوں میں کچھ اگر کوئی برائی کرتا ہے ،نماز روزہ نہیں کرتا تو اس کے پاس یہ جواز نہیں رہا کہ یہ کام شیطان نے کروائے ہیں کیونکہ شیطان تو رمضان المبارک میں قید کر دیئے جاتے ہیں لیکن وہ شیطانت جو ہمارے مزاجوں میں رچ بس گئی ہے یہ اس کا رتو ہے خود کو دیکھیں اور اپنا محاسبہ کیجیے اور روزے کا احترام کرتے ہوئے اس تقوی کے حصول کی کوشش کیجیے جس کا حکم ہے انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک میں بھی سودی نظام چل رہا ہے کیا یہ کیسی شیطان ہم سے کروا رہا ہے؟ ہمارے اعمال ایسے ہیں کہ ہم مان رہے ہیں لیکن ماننے نہیں ہم ساری دنیا سے مکمل بہتری کے لیے معالج ڈھونڈ رہے ہیں ،علاج تلاش کر رہے ہیں لیکن دین اسلام سے راہنمائی نہیں لے رہے اللہ کریم نے انمیا مبعوث فرمائے تحلوق کی راہنمائی کے لیے جیسے

روزے کا مقصد تزکیہ نفس ہے روزہ انسان کے قلب وباطن کو ہر قسم کی آلودگی سے پاک اور صاف کرتا ہے،محمد افضل منشا

(ڈسکہ) محمد بلال ص)معروف سماجی سیاسی شخصیت چیئرمین مرکزی انجمن تاجران محمد افضل منشا نے کہا کہ روزے کا مقصد تزکیہ نفس ہے روزہ انسان کے قلب وباطن کو ہر قسم کی آلودگی سے پاک اور صاف کرتا ہے روزہ ہم کو اپنا پابند بنا کر مادی قوتوں کو لگام دیتا ہے جس سے روح قوی تر ہوتی چلی جاتی ہے لگاتار روزے رکھنے کی وجہ سے تزکیہ نفس کا عمل تیز ہو جاتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیکی فاؤنڈیشن کے اظہار روخوان میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ روزے کا ایک اہم مقصد شکر کا حصول ہے ساراون بھوکا پیاسا رہنے سے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا اعتراف دل میں خوب پیدا ہوتا ہے روزے کا مقصد ایک دوسرے کا احساس ہمدردی اور امداد باہمی کی روح پیدا کرتا ہے کہ فاقہ میں کیسی اذیت اور تکلیف ہوتی ہے اس وقت اسے معاشرے کے غریب اور فاقہ سے نڈھال لوگ یاد آتے ہیں اور ان کی مشکلات اور پریشانیوں کا احساس ہوتا ہے

اعلیٰ الصبح ڈکیتی کی واردات ،صبح سات بجے تین ملزمان نے گھر میں گھس کر صفایا کر دیا،نقدی اور زیورات لیکر فرار

بیڈ مرالہ)نامہ نگار)اعلیٰ الصبح ڈکیتی کی واردات صبح سات بجے تین ملزمان نے گھر میں گھس کر صفایا کر دیا،نقدی اور زیورات لیکر فرار۔تفصیلات کے مطابق تھانہ بیڈ مرالہ کے علاقہ گوندل میں گزشتہ صبح تین ملزمان نے اشفاق ولدرزاق کے گھر میں گھس کر گھر میں موجود خاتون کو ایک کمرہ میں بند کر دیا اور گھر میں موجود 10 تولہ سونا،3لاکھ روپے نقدی اور موبائل لوٹ کر فرار ہو گئے۔پولیس تھانہ بیڈ مرالہ نے مقدمہ درج کر لیا۔علاقہ میں ڈکیتی ،راہزنی اور چوری کی بڑھتی وارداتوں سے شہری عدم تحفظ کا شکار ہو چکے ہیں انہوں ڈی پی او سیالکوٹ سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ کی زیر قیادت خواتین پر تشدد کے خلاف

شعور اجاگر کرنے کیلئے آگاہی واک کا انعقاد

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ کی زیر قیادت خواتین پر تشدد کے خلاف شعور اجاگر کرنے کیلئے آگاہی واک کا انعقاد سینئر افسران سمیت طلبا وطالبات ،مختلف شعبہ ہائے زندگی کی نامور شخصیات ،سول سوسائٹی اور عام شہریوں کی شرکت معاشرے کے تمام طبقات کو خواتین پر تشدد کی روک تھام اور جنسی جرائم کے خاتمہ کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا۔ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ کی زیر قیادت خواتین پر تشدد کے خلاف شعور اجاگر کرنے کیلئے 'NEVER AGAIN' آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔آگاہی واک میں ،ایس ایس پی انویسٹی گیشن رضوان طارق بھی تھے اور ڈپٹی سینئر افسران سمیت طلبا وطالبات ،مختلف شعبہ ہائے زندگی کی نامور شخصیات ،سول سوسائٹی اور عام شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر آر پی او کا کہنا تھا کہ آگاہی واک کا مقصد خواتین پر تشدد کو روکنا اور انکے حقوق کے حوالے سے آگاہی دینا ہے۔خواتین پر تشدد کی روک تھام کیلئے عملی اقدامات کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔حکومت پنجاب وآئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق خواتین پر جسمانی ونفسیاتی تشدد اور جنسی ہراسگی کی روک تھام کیلئے اتنی وہمن ہراسمنٹ سیل کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔جس سے خواتین پر تشدد ہراسگی اور ڈومیسٹک وائلنس کی روک تھام کیلئے اقدامات عمل میں لائے جا رہے ہیں۔تشدد کی روک تھام میں کامیابی اس صورت ممکن ہے جب ہم تشدد کے خلاف آواز اٹھائیں گے اسے رپورٹ کریں گے۔مزید برآں ریجن بھر کے تمام تھانہ جات اور تحفظ مراکز پر ویمن سپورٹ آفیسر بھی تعینات کر دیئے گیے ہیں۔آر پی او کا مزید کہنا تھا کہ معاشرے کے تمام طبقات کو خواتین پر تشدد کی روک تھام اور صنفی جرائم کے خاتمہ کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا۔تمام پولیس اسٹیشنز ،خدمت وتحفظ مراکز ،دفاتر کے دروازے خواتین کیلئے ہمیشہ کھلے ہیں۔خواتین کسی بھی تشدد کی صورت میں پولیس کو بروقت اطلاع دیں تاکہ مجرمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جا سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق خواتین کا تحفظ اور صنفی جرائم کا خاتمہ ریجن پولیس گوجرانوالہ کی اولین ترجیح ہے، پولیس خواتین سے متعلقہ ہر جرم پر زیرو ٹالرنس کے تحت سخت قانونی کاروائی پر کاربند ہے

حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق ضلعی پولیس کی جانب سے خواتین کے تحفظ کے سلسلہ میں Never Again مہم کی آگاہی واک کا انعقاد کیا

نکانہ صاحب) حکیم ریاض احمد) حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق ضلعی پولیس کی جانب سے خواتین کے تحفظ کے سلسلہ میں Never Again مہم کی آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔آگاہی واک کی سربراہی ڈی پی او نکانہ صاعد عزیز نے کی۔تفصیلات کے مطابق آگاہی واک میں ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد، CO ایجوکیشن ڈاکٹر اظہر لقمان، ASP/SDPO سرکل نکانہ میڈم صابرہ ایوب، صدر ڈسٹرک بارائے معزز قدامی ودیگر ضلعی پولیس، انتظامیہ افسران، ٹیچرز اور مختلف کالجوں اور سکولوں کی طالبات نے بھرپور شرکت کی۔واک کا آغاز ٹاؤن ہال کچہری چھانگا سے ہوا جو فوڈ کنٹرولر دفتر کے سامنے اختتام ہوئی۔واک کے شرکا نے Never Again مہم کے فلیکسز، پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او صاعد عزیز کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق خواتین کا تحفظ اور صنفی جرائم کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے۔خواتین خود کو غیر محفوظ نہ سمجھیں ،نکانہ پولیس آپ کے ساتھ تو میں اپنی بے عملی کی وجہ سے تباہ ہوئی تھیں ہم بھی ہو رہے ہیں کیونکہ ہمارے پاس بھی اب صرف دعویٰ ہے عملی نہیں آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں سارا حق موجود ہے ظاہر ہو یا باطن آپ کیا چاہتے ہیں بات تو آپ کے فیصلے پر ہے تربیت اور انہمانی کے لیے ہر چیز قول وفعل میں موجود ہے انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کو غنیمت چاہیے اور اس کی رحمت کے طالب بنیں سارے اچھائی کی بات کرتے ہیں لیکن عملی طور پر برائی کر رہے ہوتے ہیں کہتے کچھ ہیں کرتے کچھ ہیں قرآن کریم غور وفکر کی دعوت دیتا ہے پھر بھی ہم اندھے پن کا مظاہرہ کرتے ہیں اتنی خرابی کے باوجود ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ صاحب ایمان لوگ نہیں رہے ایسے لوگوں کی وجہ سے تو دنیا قائم ہے اللہ کریم نے ایک بار پھر موقع عطا فرمایا ہے کہ اس رمضان المبارک کو غنیمت جانیے اور اس کی رحمت کے طالب بنیے تلاوت قرآن کریم سے اپنی زبانوں کو تر کیجیے، اس وقت کو ضائع مت کیجیے اور اپنے دل کھول کر اللہ کی بارگاہ میں رکھ دیجیے اپنے کاسۂ دل کو سیدھا کیجیے اور رحمت باری سے بھرلیے اللہ کریم صبح شعور عطا فرمائیں آخر میں انہوں نے عملی سلامتی اور بقا کی اجتماعی دعا بھی فرمائی

ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت موسم بہار کی تجسر کاری مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس

قصور) ڈسٹرکٹ رپورٹر محمد انیس (ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت موسم بہار کی تجسر کاری مہم کے حوالے سے اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد جعفر چوہدری ، اسسٹنٹ کمشنر قصور رضوان اُختر پوری، اسسٹنٹ کمشنر چونیاں عامر بٹ، ڈی او فاریسٹ چھانگا مانگا عمران ستار، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن اتھارٹی ملک انور ندیم، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز عبدالغفار ڈوگر سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں فاریسٹ ڈے کے موقع پر چھانگا مانگا جنگل میں ایک لاکھ پودا لگانے کے حوالے سے سکت عملی طے کی گئی اور تمام متعلقہ محکموں کو ذمہ داریاں سونپی گئیں۔ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہدایات پر فاریسٹ ڈے کے موقع پر چھانگا مانگا جنگل میں بھرپور طریقے سے شجرکاری کی جائیگی جس سے جنگل کے حسن میں مزید اضافہ ہوگا۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ موسم بہار میں بڑھ چڑھ کر شجرکاری کریں اور اپنے اپنے حصے کا ایک ایک پودا لازمی لگائیں۔

وزیراعلیٰ پنجاب کے احکامات پر ائس کنٹرول مجسٹریٹس کی گرانفروشوں کیخلاف کاروائیاں جاری

قصور) بیورو چیف شفاقت علی چوہدری (وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کی روشنی میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی گرانفروشوں کے خلاف کاروائیاں جاری 11لاکھ 29ہزار 500روپے جرمانہ 55دکانداروں کے خلاف مقدمہ درج جبکہ 149حوالات میں بند۔ڈپٹی کمشنر کی زیرنگرانی ضلع بھر میں 40پرائس کنٹرول مجسٹریٹس عام مارکیٹوں میں متحرک ہیں اور ضلعی حکومت کے مقرر کردہ ریٹس پر تمام اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو یقینی بنا رہے ہیں تا ہم ناجائز منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف بھرپور کاروائیاں کر رہے ہیں۔رواں ماہ کے دوران پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے 18450 مقامات پر اسسٹنٹ کمیں جن میں 1768 دکانوں پر خلاف ورزیاں پائی گئیں جس پر کاروائی کرتے ہوئے 11لاکھ 29ہزار 500روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ 55دکانداروں کیخلاف مقدمات درج کروائے گئے

سرگودھا، پلانٹ فار پاکستان مہم کی کامیابی کیلئے معاشرہ کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ فنانس پی ایچ اے فاروق حیدر عزیز

سرگودھا)بیورو چیف راناا سلم شاہین ے (سرگودھا، پلانٹ فار پاکستان مہم کی کامیابی کیلئے معاشرہ کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا بگھوٹی وارمنگ کی وجہ سے ماحولیاتی مدوجذر نسل انسانی سمیت دیگر مخلوقات کے سر پر لٹکتی ہوئی تلوار سے کم نہیں ، ماحولیاتی آلودگی کے خاتمہ اور آئندہ نسلوں کو صحت مند مستقبل کا تحفہ دینے کے لئے معاشرہ کے ہر فرد کو شجر کاری مہم پر خصوصی توجہ مرکوز کرنا ہوگی، ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ فنانس پی ایچ اے فاروق حیدر عزیز نے پلانٹ فار پاکستان مہم کے حوالہ سے منعقدہ اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ پاکستان سمیت دنیا کے دیگر ممالک میں درختوں کے بے دریغ کٹا اور اس تناسب سے نئے درخت نہ لگائے جانے کی وجہ سے ماحول عدم توازن کا شکار ہو گیا ہے، بے وقت موسموں کی تبدیلی بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے جس کی وجہ سے ہماری فصلوں کو بھی شدید نقصانات کا سامنا رہتا ہے اور ماحولیاتی آلودگی کی وجہ سے مختلف مہلک امراض بھی پرورش پا رہے ہیں، ان حالات میں ضروری ہے کہ معاشرہ کا ہر فرد شجرکاری مہم پر خصوصی توجہ دے، انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حالات کے پیش نظر حکومت نے موسم بہار کی شجرکاری مہم کو نئی جہت سے ہم کنار کرتے ہوئے پلانٹ فار پاکستان 2024 کو اولین ترجیحات میں شامل کیا، بلا معاوضہ پودوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی بلکہ انہیں اس حوالہ سے ہر ممکنہ راہنمائی بھی فراہم کریں گے۔

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ضلعی پولیس کی جانب سے خواتین کے تحفظ کے سلسلہ میں Never Again مہم کی آگاہی واک کا انعقاد کیا

نکانہ صاحب) محمد ریاض احمد) حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق ضلعی پولیس کی جانب سے خواتین کے تحفظ کے سلسلہ میں Never Again مہم کی آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔آگاہی واک کی سربراہی ڈی پی او نکانہ صاعد عزیز نے کی۔تفصیلات کے مطابق آگاہی واک میں ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد، CO ایجوکیشن ڈاکٹر اظہر لقمان، ASP/SDPO سرکل نکانہ میڈم صابرہ ایوب، صدر ڈسٹرک بارائے معزز قدامی ودیگر ضلعی پولیس، انتظامیہ افسران، ٹیچرز اور مختلف کالجوں اور سکولوں کی طالبات نے بھرپور شرکت کی۔واک کا آغاز ٹاؤن ہال کچہری چھانگا سے ہوا جو فوڈ کنٹرولر دفتر کے سامنے اختتام ہوئی۔واک کے شرکا نے Never Again مہم کے فلیکسز، پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او صاعد عزیز کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق خواتین کا تحفظ اور صنفی جرائم کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے۔خواتین خود کو غیر محفوظ نہ سمجھیں ،نکانہ پولیس آپ کے ساتھ تو میں اپنی بے عملی کی وجہ سے تباہ ہوئی تھیں ہم بھی ہو رہے ہیں کیونکہ ہمارے پاس بھی اب صرف دعویٰ ہے عملی نہیں آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں سارا حق موجود ہے ظاہر ہو یا باطن آپ کیا چاہتے ہیں بات تو آپ کے فیصلے پر ہے تربیت اور انہمانی کے لیے ہر چیز قول وفعل میں موجود ہے انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کو غنیمت چاہیے اور اس کی رحمت کے طالب بنیں سارے اچھائی کی بات کرتے ہیں لیکن عملی طور پر برائی کر رہے ہوتے ہیں کہتے کچھ ہیں کرتے کچھ ہیں قرآن کریم غور وفکر کی دعوت دیتا ہے پھر بھی ہم اندھے پن کا مظاہرہ کرتے ہیں اتنی خرابی کے باوجود ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ صاحب ایمان لوگ نہیں رہے ایسے لوگوں کی وجہ سے تو دنیا قائم ہے اللہ کریم نے ایک بار پھر موقع عطا فرمایا ہے کہ اس رمضان المبارک کو غنیمت جانیے اور اس کی رحمت کے طالب بنیے تلاوت قرآن کریم سے اپنی زبانوں کو تر کیجیے، اس وقت کو ضائع مت کیجیے اور اپنے دل کھول کر اللہ کی بارگاہ میں رکھ دیجیے اپنے کاسۂ دل کو سیدھا کیجیے اور رحمت باری سے بھرلیے اللہ کریم صبح شعور عطا فرمائیں آخر میں انہوں نے عملی سلامتی اور بقا کی اجتماعی دعا بھی فرمائی

لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے ستھرا پنجاب مہم کے تحت لاہور کے تمام 9 ٹائز میں صفائی کے بہترین انتظامات کیے جا رہے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے ستھرا پنجاب مہم کے تحت لاہور کے تمام 9 ٹائز میں صفائی کے بہترین انتظامات کیے جا رہے ہیں۔سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی باہر صاحب دین کی ہدایت پر شاہیلا مان میں خصوصی صفائی آپریشن کر کے چائنہ سکیم ماڈل بازار کے چاروں اطراف میونکل سوپنگ اور سکریپ کی گئی جبکہ فضل پورہ ویسٹ الکٹورز کو زیرو ویسٹ کر دیا گیا۔ماڈل ٹاؤن حسین دربار، قبرستان اور اس سے ملحقہ راستوں پر ایل ڈبلیو ایم سی کے ورکرز نے صفائی انتظامات یقینی بنائے جبکہ 100 سے زائد سینیٹری ورکرز 850 سے زائد صفائی مشینری نے زیرو ویسٹ ایکسیلنس میں حصہ لیا۔قرحمان ایل ڈبلیو ایم سی عمر چوہدری کے مطابق ارین یونین کونسلز کے ساتھ ساتھ دیہی یونین کونسلز میں بھی صفائی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔نیلم سینما کمرشل مارکیٹ، کوٹلی پیر عبدالرحمٰن ٹبیل پارک، جانی پورہ ومحمد علی شادی ہال کے اطراف میونکل واسٹنگ کی گئی جبکہ دیگر علاقوں میں بھی معمول کے مطابق صفائی آپریشن کیا جا رہا ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کے تحت گوجرانوالہ ڈویژن میں گرافروشوں کے خلاف مسلسل کاروائیاں جاری ہیں

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) ڈائریکٹر تعلقات عامہ حکومت پنجاب گوجرانوالہ ڈویژن افتخار علی شاہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کے تحت گوجرانوالہ ڈویژن میں گرافروشوں کے خلاف مسلسل کاروائیاں جاری ہیں اور اس سلسلہ میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹوں کی جانب سے گذشتہ روز 8ہزار سے زائد انسپکشنز کے دوران من مانے نرخوں پر چھل بنڑیاں اور دیگر اشیائے خورونوش فروخت کرنے والے دکانداروں اور کاروباری افراد کو 4لاکھ 12ہزار جرمانہ کیا گیا ہے جبکہ 4افراد کے خلاف ایف آئی آر زبھی درج کی گئیں اور 17افراد کو گرفتار کیا گیا کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب کی ترجیح کے پیش نظر ڈویژن بھر میں اشیائے خورونوش کے مقررہ نرخوں پر ہر ممکن عملی درآمد کیلئے مسلسل اقدامات کئے جا رہے ہیں اور عوام سے من مانے نرخ وصول کرنے والوں کے خلاف بلا رو رعایت کاروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ رمضان المبارک میں مہنگائی سے ریلیف انتظامی افسران کی بنیادی ذمہ داری ہے جسکی ادائیگی میں کوتاہی کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جا سکتی ایکسٹنشن کے تحفظ کے لیے ہر وقت مصروف عمل ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ Never Again مہم کا بنیادی مقصد تشدد، ہراسگی اور کسی بھی قسم کی زیادتی کا شکار خواتین کو تحفظ فراہم کرنا ہے۔ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد نے کہا کہ واک کے انعقاد پر ضلعی پولیس اور تمام خواتین کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔خواتین کے حقوق کے نفاذ کے لیے ضلعی انتظامیہ اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔واک میں شرکت کرنے والی تمام خواتین کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔صدر ڈسٹرک بارنکانہ کا کہنا تھا کہ ڈسٹرک بارنکانہ کی جانب سے ضلعی پولیس سہارکہاڑ کی مستحق ہے جنہوں نے خواتین کے تحفظ کے سلسلہ میں واک کا انعقاد کیا۔ASP/SDPO سرکل نکانہ میڈم صابرہ ایوب کا کہنا تھا کہ Never Again ایک فلسفہ ہے اپنی ماوں بہنوں اور بیٹیوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے۔وزیراعلیٰ پنجاب اور آئی صاحب کے ویژن کے مطابق ہم نکانہ پولیس خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے میں تمام اقدامات بروئے کار لائیں گے۔

حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق ضلعی پولیس کی جانب سے خواتین کے تحفظ کے سلسلہ میں Never Again مہم کی آگاہی واک کا انعقاد کیا

نکانہ صاحب) حکیم ریاض احمد) حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق ضلعی پولیس کی جانب سے خواتین کے تحفظ کے سلسلہ میں Never Again مہم کی آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔آگاہی واک کی سربراہی ڈی پی او نکانہ صاعد عزیز نے کی۔تفصیلات کے مطابق آگاہی واک میں ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد، CO ایجوکیشن ڈاکٹر اظہر لقمان، ASP/SDPO سرکل نکانہ میڈم صابرہ ایوب، صدر ڈسٹرک بارائے معزز قدامی ودیگر ضلعی پولیس، انتظامیہ افسران، ٹیچرز اور مختلف کالجوں اور سکولوں کی طالبات نے بھرپور شرکت کی۔واک کا آغاز ٹاؤن ہال کچہری چھانگا سے ہوا جو فوڈ کنٹرولر دفتر کے سامنے اختتام ہوئی۔واک کے شرکا نے Never Again مہم کے فلیکسز، پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او صاعد عزیز کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق خواتین کا تحفظ اور صنفی جرائم کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے۔خواتین خود کو غیر محفوظ نہ سمجھیں ،نکانہ پولیس آپ کے ساتھ تو میں اپنی بے عملی کی وجہ سے تباہ ہوئی تھیں ہم بھی ہو رہے ہیں کیونکہ ہمارے پاس بھی اب صرف دعویٰ ہے عملی نہیں آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں سارا حق موجود ہے ظاہر ہو یا باطن آپ کیا چاہتے ہیں بات تو آپ کے فیصلے پر ہے تربیت اور انہمانی کے لیے ہر چیز قول وفعل میں موجود ہے انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کو غنیمت چاہیے اور اس کی رحمت کے طالب بنیں سارے اچھائی کی بات کرتے ہیں لیکن عملی طور پر برائی کر رہے ہوتے ہیں کہتے کچھ ہیں کرتے کچھ ہیں قرآن کریم غور وفکر کی دعوت دیتا ہے پھر بھی ہم اندھے پن کا مظاہرہ کرتے ہیں اتنی خرابی کے باوجود ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ صاحب ایمان لوگ نہیں رہے ایسے لوگوں کی وجہ سے تو دنیا قائم ہے اللہ کریم نے ایک بار پھر موقع عطا فرمایا ہے کہ اس رمضان المبارک کو غنیمت جانیے اور اس کی رحمت کے طالب بنیے تلاوت قرآن کریم سے اپنی زبانوں کو تر کیجیے، اس وقت کو ضائع مت کیجیے اور اپنے دل کھول کر اللہ کی بارگاہ میں رکھ دیجیے اپنے کاسۂ دل کو سیدھا کیجیے اور رحمت باری سے بھرلیے اللہ کریم صبح شعور عطا فرمائیں آخر میں انہوں نے عملی سلامتی اور بقا کی اجتماعی دعا بھی فرمائی

نکانہ صاحب میں متعدد وارداتیں مبینہ پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو ہلاک اور دوسرا زخمی حالت میں گرفتار

نکانہ صاحب) نکانہ صاحب میں متعدد وارداتیں مبینہ پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو ہلاک اور دوسرا زخمی حالت میں گرفتار ہو ڈاکوؤں کی دیہاتی پولیس کے خلاف سراپا احتجاج تفصیلات کے مطابق نکانہ گوجرانوالہ روڈ پر تین نامعلوم ڈاکوؤں نے روڈ پر راہگیروں کو لوٹنا شروع کر دیا ایک راہگیر نے 15 پر کال کر کے پولیس کو اطلاع دی پولیس نظام صدر نے موقع پر پہنچ کر ڈاکوؤں کا تعاقب کیا اس دوران پولیس اور ڈاکوؤں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا اور پولیس مقابلے میں ایک ڈاکو ہلاک ہو گیا اور دو فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے جبکہ دوسری واردات نواحی گاں کوٹ ستر رام میں ہوئی ڈاکو حویلی سے مال مویشی چوری کرنے لگے تو حویلی میں موجود ایک آدمی جاگ گیا اس کے شور مچانے پر ڈاکوں نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک بھینس موقع پر گرگئی اس دوران دیہاتیوں کی جوابی فائرنگ سے ایک ڈاکو زخمی ہو گیا جس کو پولیس نے گرفتار کر لیا جبکہ اس کے چار باقی ساتھی فرار ہو گئے دیہاتیوں نے نکانہ منڈوے روڈ بلاک کر کے پولیس کے خلاف شدید احتجاج کیا ۔پولیس مصروف تفتیش ہے

تھانہ منصور آباد میں نااہل SHO عدیل شوکت کی تعیناتی سے جرائم کی شرح میں اضافہ

فیصل آباد) ڈسٹرک کرائم رپورٹر) تھانہ منصور آباد میں نااہل SHO عدیل شوکت کی تعیناتی سے جرائم کی شرح میں اضافہ ،معصوم عوام کا خانہ خراب کرنے کے لیے جو اغوا ،ڈکیتی وقتیلے خانے سرکاری سرپرستی میں سرگرم۔جرائم پیشہ عناصر نے تھانہ منصور آباد کی حدود کو SAFE ایریا قرار دے دیا۔جعلی صاحب بہادر نے فرنٹ م

بعدالت جناب عمران محمد خاں صاحب گارڈین جج صاحب سمندری ضلع فیصل آباد

درخواست حضانت زیر دفعہ 25 بعنوان : محمد آصف اللہ بنام رخشندہ افضل ، محمد افضل قوم قصائی سائن مارکیٹ سمندری ضلع فیصل آباد ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسل علیہا کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مسل علیہا کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 2024-03-19 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کرے بصورت دیگر بعد تاریخ مقررہ کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب شمس الحمود صاحب جج فیملی کورٹ لاہور

دعوی تنسیخ نکاح عنوان مسمات رحمیہ وغیرہ بنام محمد یاسین اشتہار بنام محمد یاسین ولد ذلفقار علی سائن محلہ قادر آباد مرکز وحدا روڈ گجرات مقدمہ عنوان بالا میں مسل علیہ خلع سن سے دیوہ دانستہ گریزہ ہے اور دیوہ پتہ سے اس لیے اشتہار بنام مسمول صیہ جاری کیا جاتا ہے کہ بتقرر 3/4/2024 عدالت حذا میں پیش ہو عدم حاضری کی صورت میں کاروائی ایک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی بھی عذر قانونی قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط مہر عدالت سے جاری ہوا

اطلاع گمشدگی

